Maulana Azad National Urdu University

M.A : Islamic Studies, III Semester Examination, December 2023

Paper - MAIS312CCT : The Ottomans and the Petty Dynasties

پرچہ: عہد عثمانی اور چھوٹی خاندانی حکومتیں

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال: 1

i. چالدران کی جنگ کن سلاطین کے درمیان ہوئی؟ ۔

(a) شاہ اسمٰعیل اول اور سلطان سلیم اول (b) امیر تیمور اور بایزید اول

(c) شاہ عباس کبیر اور ملک شاہ سلجوقی (d) شاہ سلیمان اعظم اور شاہ طہماسپ

ii. مسجد شیخ لطف اللہ کا معمار کون ہے؟۔

(a) رضا عباس بن احمد تبریزی (b) احمد رضا بن حسن ایرانی (c) محمد رضا بن حسین اصفہانی (d) ان میں سے کوئی نہیں

iii. صفوی دور کا مصور کون ہے؟

(a) آقا میرک (b) سلطان محمد (c) شیخ زادہ (d) مذکورہ تمام

iv. عثمانی فن تعمیر کو ارتقاء کے لحاظ سے کتنے ادوار میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

v. سلیمانیہ مسجد کہاں تعمیر کی گئی ؟

(a) بورصہ (b) ازنیق (c) ادرنہ (d) استنبول

vi. ینی چری کس حکومت کی فوج تھی؟

(a) سلجوقی (b) عثمانی (c) تیموری (d) صفوی

vii. چنداور کی جنگ کس سن عیسوی میں ہوئی ؟

(a) 1190 (b) 1198 (c) 1194 (d) 1186

viii. کتاب ملتقی الابحر کس کی تصنیف ہے؟۔

(a) حاجی خلیفہ (b) احمد بن مصطفیٰ (c) کمال پاشازادہ (d) ابراہیم حلبی

ix. جنگ ردانیہ کن کے درمیان ہوئی ؟

(a) سلطان سلیم اول اور سلطان طومان بے ثانی (b) سلطان بایزید اور امیر تیمور

(c) سلطان الپ ارسلان اور سلطان احمد (d) ان میں سے کوئی نہیں

x. حکمراں ملک شاہ کا تعلق کس حکومت سے ہے؟

(a) غزنوی (b) عثمانی (c) غوری (d) سلجوقی

حصہ دوم

2. عثمانی سلطنت کے استحکام میں سلطان محمد فاتح کے کردار سے بحث کیجئے۔

3. عثمانی نظم ونسق کے ادارہ حکومت پر جامع نوٹ تحریر کیجئے۔

4. عثمانی حکومت کا قیام کیسے عمل میں آیا؟ روشنی ڈالئے۔

5. عثمانی دور کے معاشی حالات پر گفتگو کیجئے۔

6. سلجوقی حکمراں طغرل بیک پر ایک جامع نوٹ تحریر کیجئے۔

7. سلجوقی حکومت کی توسیع واستحکام میں سلطان الپ ارسلان کی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

8. وزیر نظام الملک طوسی پر ایک نوٹ قلمبند کیجئے۔

9. غزنوی حکومت کا قیام کیسے عمل میں آیا؟ بیان کیجئے۔

حصہ سوم

10. صفوی دور کی اہم تعمیرات اور اس کی خصوصیات پر تفصیلی گفتگو کیجئے۔

11. سلجوقی عہد کی علمی سرگرمیوں پر مضمون تحریر کیجئے۔

12. حکمراں شہاب الدین محمد غوری کی فتوحات پر روشنی ڈالئے۔

13. عثمانی دور کے سماجی حالات کو بیان کیجئے۔

14. غزنوی حکومت کی توسیع میں سلطان محمود غزنوی کی کوششوں کا جائزہ لیجئے۔

☆☆☆